پریس ریلیز

گوجرانوالہ 22 جولائی 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت IPPs معاہدے ملکی صنعت کھوکھلا کرتے جا رہے ہیں اگر وقت کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے ہم نے ان معاہدوں پر نظر ثانی نہ کی تو ملکی صنعت مزید تنزلی کا شکار ہو جائے گی ۔ دنیا میں لوگ 4 سنٹ کی بجلی بنا کر دے رہے ہیں جبکہ ہمارے ملک میں 16 سنٹ کی بن رہی ہے ان حالات میں ہم کیسے دنیا کا مقابلہ کریں گے ۔ہمیں IPPs سے نجات دلائی جائے جو ریٹ چارج کیا جا رہا ہے اس پر انڈسٹری کسی صورت نہیں چل سکتی ۔ اس وقت تقریباً 25 فیصد انڈسٹری بند ہو چکی ہے ۔اس موقع پر سابق ایم پی اے سعود الحسن ڈار، ودود الحسن ڈار کے علاوہ دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔

صدر چیمبر نے کہا کہ 2015 میں 13 ہزار میگا واٹ کا استعمال ہوا جبکہ اس وقت ہمارے پاس بجلی بنانے کی صلاحیت 20 ہزار میگا واٹ تھی اور 2 سو بلین روپے کپیسٹی چارجز کی مد میں IPPs کو ادا کیے گئے لیکن 2024ء میں بجلی کا استعمال کم و بیش اتنا ہی ہے جبکہ پیداوار کپیسٹی بڑھا کر 43 ہزار میگا واٹ سے زائد کی منظوری دی جا چکی ہے اور اس کیلئے حکومت کو 2 ٹریلین روپے IPPs کو ادا کرنے ہیں ۔ اگر یہ صورتحال ایسے ہی چلتی رہی تو ہم IPPs کو ہی رقوم ادا کرتے رہیں گے ۔انہوں نے کہا کہ میری تمام احباب سے گزارش ہے کہ ہماری درد بھری آواز جو ایوانوں تک شائد نہیں پہنچ پا رہی ایوانوں تک پہنچائیں انڈسٹری کے بڑے برے حالات ہیں ۔صنعت بند ہو رہی ہے مزدور طبقہ پریشان ہے کب تک ہم مزدور طبقے کو سنبھال سکتے ہیں آخر ہم نے اپنی انڈسٹریوں سے ہی مزدور طبقے کو روزگار دینا ہے جب انڈسٹریاں ہی نہیں رہیں گی تو یہی مزدور طبقہ رزگار نہ ہونے کی وجہ سے لوٹ مار کریگا لہٰذا فوری طور پر IPPs معاہدوں پر نظر ثانی کروائی جائے ۔

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے کہا کہ آپ نے IPPs معاہدوں کے متعلق جو تحفظات پیش کئے ہیں اس میں کوئی دورائے نہیں کہ ان معاہدوں سے ملکی صنعت شدید متاثر ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک کی مضبوط صنعت مستحکم معیشت کی ضامن ہے ۔ گوجرانوالہ چیمبر کیطرف سے IPPs کے متعلق مسائل کو حکومتی ایوانوں تک پہنچا کر بزنس کمیونٹی کو ریلیف دلانے میں بھرپور کردار ادا کیا جائے گا ۔